طنز و مزاح

ساغر اقبالی

زبان میری ہے بات انکی

○ اقبال حیدر کے پتلوں کی جوتوں سے پٹائی۔ (ایک خبر)
شرٹ پھٹ گئی پتلون باقی ہے

○ دولت کی مساوی تقسیم ہو گی۔ (بے نظیر)
اب تو مرتضےٰ اور نصرت بھٹو وغیرہ کو تسلی ہو جانی چاہیئے۔

○ پیپلز پارٹی کی مخالفت کا سارا ووٹ دینی جماعتوں کا ہے۔ (اعظم طارق)
تم رہے مولوی رہے اعظم بے نظیر ہو گئی وزیر اعظم

○ حکومت شور شرابے سے نہیں گھبراتی۔ (مخدوم شہاب الدین)
پہلے آتی تھی شرم تھوڑی سی مگر اب ذرہ بھر نہیں آتی

○ ضیاء دور ملکی تاریخ کا سیاہ ترین دور تھا۔ (فضل الرحمن)
جس میں دفعہ C-۲۹۵ کے تحت ناموسِ رسالت ﷺ کا تحفظ کیا گیا۔

○ نازیہ حسن نے کینسر کی بیماری پر قابو پالیا۔ (ایک خبر)
کاش! کینسر نازیہ پر قابو پالے۔

○ عوامی نمائندوں سے انتظامیہ کا عدم تعاون برداشت نہیں کریں گے۔ (بے نظیر)
سرکاری محکموں میں عوامی نمائندوں کی لوٹ کھسوٹ جاری رہے گی۔

○ تاجروں اور صنعت کاروں سے ٹیکس وصول کر کے عام آدمی کی زندگی آسان بنادی جائے گی۔ (احمد مختار)
عام آدمی: کروڑوں روپے قرض لے کر واپس نہ کرنے والے حرام خور

○ نئے چیف جسٹس نے اپنے چیمبر میں عدالت عالیہ کے جج صاحبان سے ملاقات کے علاوہ داتا دربار پر حاضری دی۔ (ایک خبر)

اے ولی غیر آستانۂ یار
جبہہ سائی نہ کر خدا سے ڈر

○ معلوم نہیں بعض لوگ لفظ "انٹی کرپشن" سے خوف زدہ کیوں ہیں۔ (غلام عباس)
اصل میں "آنٹی کرپشن" عام ہو گئی ہے۔

○ شاہ رکن عالم کے مزار کو ۷۰ من عرق گلاب سے غسل دیا گیا۔ (ایک خبر)
اور سجادہ نشین کو بگھو بگھو کر "پاک" کیجیے۔

○ پاکستان میں آج نوجوان اور صالح خاتون کی حکومت ہے۔ (علی احمد رکن کویت اسمبلی)
۔ آہ تیری نوجوانی، واہ تیری صالحیت

○ جرائم میں اضافہ نہیں ہوا۔ کئی سال سے صوبے میں بارہ قتل یومیہ کی اوسط ہے (آئی۔ جی)
سال کے ۴۳۸۰ قتل جرائم میں کمی کا ثبوت ہیں.....

○ محرم میں تعزیہ نکالتی ہوں۔ رمضان میں روزے رکھتی ہوں (پھولن دیوی)

شیعہ سنی اتحاد کا فار مولا بلکہ مجرب فار.... منہ.... لا....

○ جنیوا میں ہمارے وزیر خارجہ شراب میں دھت ہو کر اجلاس میں شریک ہوئے۔ (سردار قیوم)
کہ شربتِ قارورہ پی پی کر جواں ہم ہوئے ہیں۔

○ (رسالہ خورد) پیر یونس مسیح۔ بابا فرید کے نام پر سات سال سے ٹھگ رہا ہے۔ (ایک خبر)
مرنے کے بعد پیر یونس شاہ کے نام پر عرس بھی ہوگا!

○ توہین رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کرنے والے کو پولیس گرفتار نہیں کر سکے گی۔ (اقبال حیدر نے اپنے بیان کی تصدیق کر دی) (ایک خبر)
کوئی شاتم رسول مسلمانوں کے غضب سے نہیں بچ سکتا۔

○ عوام نے مذہبی جماعتوں سے خود کو دور کر لیا۔ (بے نظیر)
کیونکہ آپ نے سیاسی مولویوں کو قریب کر لیا ہے۔

○ ملاں گردی نہیں چلے گی۔ (عاصمہ جہانگیر)
اور "جہانگیری" چلتی رہے گی۔

○ ملائیت اور منافقت سے پاک معاشرہ قائم کریں گے۔ (بے نظیر)
آپ ان دونوں سے الگ الگ تعلقات قائم کر کے بے نظیر معاشرہ قائم کر رہی ہیں۔

○ نواز شریف نے خزانے کو بے دردی سے لوٹا (وٹو)
لیکن ہم پیار سے لوٹ رہے ہیں۔

○ ملتان میں ایک جیالے نے درخواست پھاڑ کر مخدوم شہاب کے منہ پر دے ماری۔ (ایک خبر)
جیسا منہ ویسا تھپڑ

○ کوئی مسلمان رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شان میں گستاخی نہیں کر سکتا۔ (مخدوم الطاف)
مسلمان ہو تو! بقیہ صنہ ۲۰ پر